نظامتِ اعلیٰ تعلیم وتحقیق

Graduate and Research Management Council (GRMC)

وفاقی اُردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس اور ٹیکنالوجی (کراچی/اسلام آباد)

تاریخ: 8 مئی 2024ء

مجاریہ: ن ا ت ت/2804/2024ء

دفتری حکم

نظامتِ اعلیٰ تعلیم وتحقیق (GRMC) کے ستاون (57) اجلاس منعقدہ مورخہ 29 اپریل کی قرارداد (xi) کے تحت جمیع رؤسائے کلیات، صدور/انچارج شعبہ جات ونگراں مقالہ (کراچی/اسلام آباد کیمپس) کو ہدایت کی جاتی ہے کہ پی ایچ ڈی کے مقالہ جانچ ودیگر قواعد کے لیے درجِ ذیل ضوابط کے تحت معاملات شعبہ GRMC کراچی کیمپس کو ارسال کریں:

(i) نگراں مقالہ کی جانب سے پی ایچ ڈی کے مقالہ جانچ کی نامزدگی کے لیے Covering Application اعلیٰ تعلیمی کمیشن (HEC) کی Advance Countries کے مطابق فہرست ممتحنین کہ جس میں کم ازکم چھ (06) نام بیرونِ ممتحنین اور چار (04) نام برائے زبانی امتحان شامل ہوں ارسال کریں گے۔ واضح کیا جاتا ہے کہ حسبِ ضابطہ نگراں مقالہ اپنے آفیشل ای میل ایڈریس سے ممتحن برائے مقالہ جانچ وزبانی امتحان کی بذریعہ آفیشل ای میل تحریری رضامندی (Consent) لازمی حاصل کرکے ارسال کریں گے جو کہ بتوسط صدر/انچارج شعبہ ورئیس کلیہ شعبہ GRMC (کراچی کیمپس) کو ارسال کی جائے گی۔ **(واضح رہے کہ نگراں مقالہ، صدر/انچارج شعبہ ورئیس کلیہ کی یہ ذمہ داری ہوگی کہ وہ فہرست میں درج تمام ناموں کو چیک کریں، خصوصاً یہ کہ وہ طالب علم کے متعلقہ مضمون میں Specialization کے حامل ہیں اور HEC کی Advance Countries کی فہرست میں شامل ہیں یا نہیں، فہرست میں صرف ایسے ہی نام پیش کیے جائیں جن کا Area of Specialization طالب علم کے عنوان سے مطابقت رکھتا ہو اور HEC کی Advance Countries کی فہرست میں بھی شامل ہوں بصورتِ دیگر نگراں مقالہ، صدر/انچارج شعبہ ورئیس کلیہ ودیگر ذمہ داران کے خلاف ضابطہ کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔**

نوٹ: **فہرست میں ممتحن کا مکمل نام، عہدہ، ادارہ جاتی پتہ، Area of Specialization، ای میل ایڈریس، فون نمبر لازمی تحریر کریں۔ واضح رہے کہ ممتحن کا ادارہ جاتی پتہ (Official Email Address) فہرست میں درج ہونے کی صورت میں ہی مقالہ بذریعہ سافٹ کاپی ممتحن کو ارسال کیا جائے گا بصورتِ دیگر مقالہ کی ہاڈر کاپی ارسال کی جائے گی۔**

(ii) شعبہ GRMC (کراچی کیمپس) بتوسط درجہ بدرجہ (Through Proper Channel) نگراں مقالہ، صدر/انچارج شعبہ اور رئیس کلیہ سے موصولہ فہرست کو برائے نامزدگی شیخ الجامعہ کو پیش کرے گی۔

(iii) پی ایچ ڈی کے مقالہ جانچ کے لیے دو (02) پرنسپل اور ایک (01) متبادل ممتحن جبکہ زبانی امتحان کے لیے ایک (01) پرنسپل اور ایک (01) متبادل ممتحن کی نامزدگی کی جائے گی۔

(iv) طالب علم کی موصولہ ممتحن ونگراں مقالہ کی رپورٹ موصول ہونے کے بعد GRMC کے اجلاس میں پیش کی جائیں گی اور حسبِ قاعدہ زبانی امتحان کے انعقاد کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ پیشگی زبانی امتحان (Advance Viva Voce) کا انعقاد نہیں کیا جائے گا۔

(v) زبانی امتحان کی موصولہ رپورٹ GRMC اجلاس میں پیش کی جائے گی اور ممتحن کی سفارشات کی روشنی میں سند کے اجراء کے حوالے سے دیگر کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

رجسٹرار (قائم مقام)

نقل:

۱۔ دفتر چیئرمین نظامتِ اعلیٰ تعلیم وتحقیق (GRMC)
۲۔ انچارج اسلام آباد کیمپس
۳۔ انچارج گلشن اقبال کیمپس
۴۔ انچارج عبدالحق کیمپس
۵۔ جمیع رؤسائے کلیات
۷۔ جمیع صدور/انچارج شعبہ جات (کراچی/اسلام آباد کیمپس)
۸۔ شعبہ اکیڈمک
۹۔ شخصی مسل
۱۰۔ مسل متعلقہ اجلاس
☆ **فیصل بہادر برائے ویب سائٹ**

دفتر نظامتِ اعلیٰ تعلیم وتحقیق (GRMC)، انتظامی بلاک، گلشن اقبال، کراچی 75300، فون 8-021-99244141، ایکسٹینشن: 2019

s@m

grmc@fuuast.edu.pk

http://www.fuuast.edu.pk